# 21-06-2024 FRIDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆مرکزی وزیر کوئلہ و کانکنی جی کشن ریڈی نے آج حیدرآباد میں کمرشیل مقصد کیلئے کانکنی کے دسویں مرحلہ کی نیلامی کا آغاز کیا۔

☆وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کی صدارت میں سکریٹریٹ حیدرآباد میں ریاستی کابینہ کا اجلاس شروع ہو چکا ہے۔

☆سابق اسمبلی اسپیکر پوچارم سرینواس ریڈی نے آج حکمراں کانگریس پارٹی میں شمولیت اختیار کی۔

☆ریاست تلنگانہ میں بھی آج دسواں عالمی یوم یوگا منایا گیا جس میں ہزاروں افراد نے شرکت کی۔

☆ریاستی سکریٹریٹ میں دومہیلا شکتی کینٹن کا افتتاح کیا گیا۔

☆☆☆☆☆

مرکزی وزیر کوئلہ و کانکنی جی کشن ریڈی نے آج حیدرآباد میں کمرشیل مقصد کیلئے کانکنی کے دسویں مرحلہ کی نیلامی کا آغاز کیا۔ جملہ 67 کوئلہ کی کانوں کی نیلامی کی گئی اور امید کی جارہی ہے کہ اس سے گھریلو کوئلہ کی پیداوار میں اضافہ ہوگا اور ملک میں توانائی ضروریات کو پورا کرنے میں مدد ملے گی۔ یہ پہلا موقع ہے کہ دہلی کے باہر کوئلہ کے کانوں کی نیلامی کی گئی۔ پکوان کے علاوہ دیگر مقاصد کیلئے استعمال ہونے والے کوئلہ کے کانوں کی نیلامی عمل میں آئی۔ اس موقع پر مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا کہ حکومت شفاف طریقہ سے کوئلہ کی کانوں کی نیلامی پر عمل کرے گی اور انہوں نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ اس نیلامی کے ذریعہ ملک کو پانچ ٹریلین کی معیشت بنانے میں تعاون کیا جائے گا۔ مرکزی وزیر نے کوئلہ کے شعبہ کو وسعت دینے کیلئے مشترکہ کوششوں پر زور دیا اور کہا کہ ملک کو اس شعبہ میں خود مکتفی بنانے کی ضرورت ہے۔ کشن ریڈی نے ریاستی حکومت کو یقین دلایا کہ وہ نیانی کوئلہ کی کان میں سنگارینی کی سرگرمیوں سے متعلق اڈیشہ حکومت سے بات کریں گے۔ تلنگانہ کے نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرما آرکا کی جانب سے ظاہر کی گئی تشویش پر ردعمل ظاہر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کوئلہ کے کانوں کی نیلامی سے صرف ریاستوں کو فائدہ پہنچے گا اور نیانی کانکنی سے سنگارینی کو پندرہ فیصد کا فائدہ ملے گا۔ کشن ریڈی نے اس بات کا یقین دلایا کہ حکومت سنگارینی کے تحفظات کیلئے تمام اقدامات کرے گی۔ Sound Byte GKR اس سے قبل نائب وزیر اعلیٰ ملو بھٹی وکرما آرکا نے مرکز پر زور دیا کہ سنگارینی کے لئے کانوں کو ریزرو کیا جائے۔ انہوں نے کشن ریڈی کی توجہ اس جانب دلائی کہ ستوپلی اور کویا گوڑہ بلاکس میں ابھی تک کانکنی کی سرگرمیاں شروع نہیں کی گئی ہیں۔ انہوں نے وزیر کوئلہ کے ذریعہ مرکز کو یادداشت روانہ کی ہے۔ اس موقع پر مرکزی وزیر مملکت برائے کوئلہ و کانکنی ستیش چندر دوبے اور وزارت کوئلہ کے سکریٹری امریت لال مینا بھی موجود تھے۔

☆☆☆☆☆

ریاست تلنگانہ میں بھی آج دسواں عالمی یوم یوگا منایا گیا جس میں ہزاروں افراد نے شرکت کی۔ مختلف مقامات پر ریاستی و مرکزی ملازمین اور طلبہ کی کثیر تعداد نے یوگا کی تقریبات میں شرکت کی۔ ریاستی گورنر سی پی رادھا کرشنن نے کانہا شانتی ونم میں یوگا کیا۔ مرکزی وزیر کوئلہ جی کشن ریڈی نے وزیر مملکت ستیش چندر دوبے کے ہمراہ نظام کالج گراؤنڈ حیدرآباد میں مختلف تنظیموں کی جانب سے منعقدہ ایونٹ میں حصہ لیا۔ اس موقع پر مرکزی وزیر نے کہا کہ یوگا کو روزمرہ زندگی میں کرنا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ روزانہ یوگا کرنا ڈاکٹر کی طرح خود کی دیکھ بھال کرنا ہے۔ کشن ریڈی نے مزید کہا کہ یوگا میں جسم، ذہن اور روح کو ایک جگہ جمع کیا جاتا ہے۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیر مملکت ستیش چندر دوبے نے سبھی پر زور دیا کہ وہ پابندی سے یوگا کریں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی نے یوگا کو عالمی سطح پر ایک پہچان دلائی ہے۔ ریاستی وزیر صحت دامودر راج نرسمہا نے محکمہ آیوش کی جانب سے حیدرآباد میں منعقدہ ایک تقریب میں حصہ لیا۔ این آئی ای، پی آئی ڈی سکندرآباد میں منعقدہ ایک بڑی تقریب کے دوران تقریباً تمیں این جی اوز کی جانب سے بارہ سو سے زیادہ معذور افراد نے یوگا کیا۔ این آئی ای، پی آئی ڈی کے ڈائرکٹر میجر بی وی رام کمار نے کہا کہ اتنی بڑی تعداد میں معذور افراد کا یوگا کرنا فخر کی بات ہے۔ انہوں نے کہا کہ یوگا سے نہ صرف جسمانی صحت بہتر ہوتی ہے بلکہ ذہنی سکون بھی ملتا ہے۔ اس موقع پر آیوش کے پرٹوکول کے مطابق یوگا کے آسن کیے گئے۔ ایس سی آر کے جنرل منیجر ارون کمار جین نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ روزانہ یوگا کریں۔ انہوں نے سکندرآباد میں منعقدہ ایک تقریب کے دوران محکمہ ریلوے کے ملازمین خاص کر جو اضافی وقت کیلئے کام کرتے ہیں انہیں ضرور یوگا کرنے کی صلاح دی۔

ریاستی وزیرصحت وخاندانی بہبود داموددر راج نرسمہا نے آج عثمانیہ دواخانہ حیدرآباد میں سولہا کروڑ ارسٹھ لاکھ روپئے مالیت کی جدید سہولیات کا افتتاح کیا۔ ریاستی وزیر نے دواخانہ کے ماڈرن کچن اورایم آر آئی اسکین مشین کا افتتاح کیا۔ انہوں نے جنرل میڈیکل بلاک میں آؤٹ پیشنٹ سنٹر کا بھی افتتاح کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے داموددر راج نرسمہا نے کہا کہ تاریخی عثمانیہ دواخانہ میں اصلاحات کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ بنیادی اور دوسرے درجہ کے طبی نظام کو مستحکم کیا جارہا ہے اورصحت کی پالیسی پر بہت جلد اہم فیصلے لئے جائیں گے۔ ریاستی وزیر نے کہا کہ عثمانیہ دواخانہ کی نئی عمارت کی تعمیر کے سلسلہ میں وزیر اعلیٰ سے بات چیت کی جائے گی۔ ریاستی وزیر نے پٹن چیرو میں تیلا پور میونسپل دفتر کا بھی دورہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ پندرہ دنوں کے اندر تیلا پور میں اربن پرائمری ہیلتھ سنٹر کھولا جائے گا۔

☆☆☆☆☆

قانون ساز اسمبلی کے سابق اسپیکر اور بانسواڑہ کے رکن اسمبلی پوچارم سرینواس ریڈی نے آج حکمراں کانگریس پارٹی میں شمولیت اختیار کی۔ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی سے ان کی رہائش گاہ پر ملاقات کے بعد پی سرینواس ریڈی نے اس کا اعلان کیا۔ بعد میں ایک بیان میں پی سرینواس ریڈی نے کہا کہ وہ ریاستی حکومت کے آبپاشی شعبہ اور کسانوں کیلئے فلاحی پروگراموں سے متاثر ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے گزشتہ چھ مہینوں کے دوران کئی فلاحی پروگراموں کو نافذ کیا ہے۔ پوچارم نے مزید کہا کہ وہ کسانوں کی بہبود اور ریاست کی ترقی میں اپنا رول ادا کریں گے۔

☆☆☆☆☆

ریاست کے ضلعی ہیڈکوارٹرس پر بھی یوگا کے دن کی مناسبت سے مختلف پروگرام منعقد ہوئے۔ سرسلہ میں میٹ پلی بتکماں گھاٹ پر ایک تقریب منعقد ہوئی جس میں پولیس اہلکاروں اور طلبہ نے حصہ لیا۔ ناگر کرنول کے کلکٹر بی سنتوش کمار نے اپنے دفتر میں یوگا کی تقریب میں شرکت کی۔ محکمہ آیوش کی جانب سے نرمل ٹاؤن میں بھی کئی ایونٹس منعقد ہوئے۔ ونپرتی کلکٹر آدرش سروبھی نے ٹرائبل ریسڈنشل اسکول میں منعقدہ یوگا تقریب میں حصہ لیا۔ سوریاپیٹ میں پولیس اہلکاروں اور دیگر افراد نے یوگا کیا۔ آصف آباد کے آدی واسی بھون میں بھی بڑی تعداد میں لوگوں نے یوگا ایونٹ میں شرکت کی۔ میڑچل ملکاجگیری ضلع کے سوچترا سرکل میں منعقدہ ایک تقریب میں رکن پارلیمنٹ ایٹالہ راجندر نے شرکت کی۔ محبوب آباد ڈسٹرکٹ چیف جج چندر شیکھر پرساد نے کورٹ کے احاطہ میں یوگا تقریب میں شرکت کی۔ کھمم ڈسٹرکٹ لیگل سیل کی جانب سے بھی ایک یوگا ایونٹ منعقد کیا گیا جس میں ججس، وکلاء اور دیگر عملہ کے ارکان نے حصہ لیا۔ ورنگل میں نہرو یووا کیندر اور دیگر تنظیموں نے سٹی اسٹیڈیم میں یوگا ایونٹ منعقد کیا۔ بھوانگری کورٹ کے احاطہ میں بھی یوگا کیا گیا۔ عادل آباد پولیس دفتر میں بھی یوگا کی تقریب منعقد ہوئی جس میں ڈسٹرکٹ ایس پی غوث عالم نے دیگر پولیس عہدیداروں کے ہمراہ شرکت کی۔ اس موقع پر یوگا کے فوائد پر روشنی ڈالی گئی۔

☆☆☆☆☆

محرم کے انتظامات میں سی ایم او سکریٹری نے محکمہ اقلیتی بہبود کے حکام کے ساتھ ایک اجلاس منعقد کیا۔ اس دوران یہ فیصلہ کیا گیا کہ اٹھائیس جون، جمعہ شام ساڑھے چار بجے سکریٹریٹ کے کانفرنس ہال میں متعلقہ محکموں اور شیعہ برادری کے نمائندوں کے ساتھ محرم کے انتظامات کے سلسلہ میں گفتگو کی جائے گی۔ اجلاس کے دوران سکیورٹی اقدامات، ٹرایفک مینجمنٹ اور دیگر درکار سہولیات کے علاوہ عاشور خانوں، انجمنوں، سبیلوں، محرم کے ہاتھی اور ڈھٹی کے لئے رقم جاری کرنے پر بات ہوگی۔

☆☆☆☆☆

ریاست کے مختلف اضلاع میں آئندہ تین دنوں تک گرج چمک کے ساتھ شدید بارش کی پیش قیاسی کی گئی ہے۔ بعض مقامات پر تیس سے چالیس کیلومیٹر کی رفتار سے ہوائیں چل سکتی ہیں۔ حیدرآباد کے محکمہ موسمیات نے پانچ دنوں تک یلو الرٹ جاری کیا ہے۔ اسی دوران حیدرآباد میں آج دوپہر ہلکی سے اوسط بارش ہوئی ہے۔ الوال، قطب اللہ پور، چندہ نگر، گجولا رامارم اور دیگر علاقوں میں بارش ہوگی۔

☆☆☆☆☆

وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کی صدارت میں سکریٹریٹ حیدرآباد میں ریاستی کابینہ کا اجلاس شروع ہو چکا ہے۔ اجلاس کے دوران حکومت فصل قرضہ جات کے نفاذ اور کسانوں سے متعلق دیگر اسکیموں کے بارے میں فیصلے لے سکتی ہے۔

☆☆☆☆☆

ریاستی وزیر بہبود خواتین واطفال ڈی انا سویا سیتا اکا نے کہا کہ حکومت دیہی خواتین کو صنعت کے شعبہ میں آگے بڑھنے کے لئے ہر ممکن تعاون کرے گی۔ حیدرآباد میں مہیلا شکتی کینٹن میں میڈیا نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے ریاستی وزیر نے کہا کہ خواتین گروپس کو بلاسودی قرض فراہم کرتے ہوئے انہیں روزگار کے مواقع فراہم کیے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ غربت کے خاتمہ کے لئے خواتین کا بااختیار بننا ضروری ہے۔ ریاستی وزیر نے کہا کہ کینٹن سولار پاور جنریشن، ایونٹ مینجمنٹ، فوٹوگرافی، می سیوا سنٹر اور دیگر شعبے ایسے ہیں جہاں سے خواتین روزگار حاصل کرسکتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مہیلا شکتی کینٹن کو ہر ضلع میں کھولا جائے گا۔

☆☆☆☆☆